سوال

(495) سوتیلی ماں کے حصے سے وراثت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید اپنی سوتیلی ماں کے حصے سے حصہ پا سکتا ہے یا نہیں؟ جیسا کہ ہندہ چھوڑ گئی بعد موت کے دو لڑکے دونوں الگ ماں سے ہیں باپ ایک ہے اب دوسرا لڑکا اس ہندہ سوتیلی ماں کا حصہ لے سکتا ہے کہ نہیں؟ ہندہ کا لڑکا عمرو سوتیلے لڑکے زید کو حصہ دینے سے منکر ہے صورت یہ ہے۔

ہندہ۔۔۔۔۔۔۔۔ابن عینی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ابن علاتی

عمرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔)زید

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہندہ کے عینی لڑکے کا یہ بیان کہ "ہندہ کا سوتیلا بیٹا ہندہ کے ترکہ سے نہیں پا سکتا" واقعی اور صحیح ہے مسئلہ شرعی یہی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الفرائض، صفحہ: 737

محدث فتویٰ